شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے‘ ماڈل ٹائون لاہور‘ فون: 042-35869501‘ ای میل: media@tanzeem.org

19فروری2026ء

پریس ریلیز

آیئے ہم ماہِ رمضان المبارک میں اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمتوں سے بھرپور استفادہ کریں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): آیئے ہم ماہِ رمضان المبارک میں اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمتوں سے بھرپور استفادہ کریں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کا مہینہ نیکیوں کا موسمِ بہار ہوتا ہے۔ ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ اس ماہِ مبارک میں جو مسلمان دن کا روزہ رکھیں گے اور رات کو قرآن مجید سے جُڑ کر اللہ تعالیٰ کے حضور قیام کریں گے، قیامت کے دن روزہ اور قرآن دونوں اُن کے حق میں سفارش کریں گے۔ لہٰذا ہمیں ماہِ رمضان المبارک کی بابرکت ساعتوں کا بھرپور فائدہ اُٹھاتے ہوئے اپنے گناہوں سے تائب ہو جانا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ سے اپنے تعلق کو مضبوط کرنے اور اُس کی رضا حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کرنی چاہیے۔ قرآنِ کریم جو کتابِ ہدایت ہے اُس کو سمجھنے اور اُس سے رہنمائی اور رہبری حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کرنی چاہیے تاکہ دنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب ہو سکیں۔ کشمیر، فلسطین اور میانمار سمیت جہاں بھی مسلمان ظلم کا شکار ہیں اُن کو اپنی دعاؤں میں خصوصی طور پر یاد رکھیں۔ ارضِ فلسطین کے حوالے سے اُنہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں بھی اسرائیل رمضان المبارک میں غزہ، مغربی کنارے، مشرقی یروشلم اور مسجدِ اقصیٰ پر دھاوا بولتا رہا ہے۔ اب ’’غزہ بورڈ آف پیس‘‘ کے اجلاس کے تحت فلسطین کے حوالے سے اسرائیل کی دیرینہ خواہشات کو آگے بڑھانے کا کام جاری ہے اور ’امن‘ کے خوشنما نام کو استعمال کرتے ہوئے گریٹر اسرائیل کے ابلیسی پروگرام کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ لیکن اس رمضان المبارک میں اس بات کا زیادہ اندیشہ ہے کہ صہیونی فوج تمام معاہدوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے فلسطینی مسلمانوں کا قتلِ عام دوبارہ شروع کر دے گی۔ اسرائیل مسجد اقصیٰ کو بھی خدانخواستہ نقصان پہنچانے کی کوشش کر سکتا ہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان ممالک اتحاد اور اتفاق کا مظاہرہ کرتے ہوئے فلسطینی مسلمانوں اور مسجد اقصیٰ کی حفاظت کے لیے عملی اقدامات کریں۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشر و اشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: February 19th, 2026

Let us fully benefit from the special mercies of Allah (*SWT*) in the blessed month of Ramadan.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the month of Ramadan is the spring season of good deeds. According to the meaning of a Hadith, those Muslims who fast during the day and stand before Allah (*SWT*) at night connected with the Qur'an will find that both the fast and the Qur'an will intercede on their behalf on the Day of Judgment. Therefore, he urged that we should take full advantage of the blessed hours of Ramadan, sincerely repent from our sins, strengthen our relationship with Allah (*SWT*), and strive to attain His pleasure. He emphasized that the Qur'an, the Book of Guidance, must be understood and followed so that success may be achieved in both this world and the Hereafter. He also urged that Muslims suffering oppression in Kashmir, Palestine, Myanmar and elsewhere be specially remembered in prayers. Expressing concern regarding the land of Palestine, he said that Israel has repeatedly launched attacks during Ramadan on Gaza, the West Bank, East Jerusalem and Masjid al-Aqsa, and now under the so-called "Gaza Board of Peace" framework its long-standing objectives are being advanced while the pleasant name of "peace" is being used to push forward the satanic Greater Israel project. He warned that in this Ramadan there is a serious danger that the Zionist forces may again violate agreements and resume mass killing of Palestinian Muslims, and may even attempt — God forbid — to damage Masjid al-Aqsa. Therefore, he stressed that Muslim countries must demonstrate unity and take practical steps for the protection of Palestinian Muslims and Masjid al-Aqsa.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat